
موسیٰ
DANNY BULANADI/19

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.

"THE BIBLE EXPLAINED
IN EVERY LANGUAGE."



1855 قبل از مسیح
قحط کے دوران، یعقوب جو کہ ابرہام کا پوتا تھا، اپنے گیارہ بیٹوں اور اُنکے بچوں اور نوکروں کو ساتھ لے کر مصر میں رہنے کے لئے چلا گیا۔
یعقوب کا نام تبدیل ہو کر اسرائیل ہو چکا تھا۔ جلد ہی اسرائیل کے بیٹوں کی تعداد مصریوں سے زیادہ ہو گئی۔
فرعون نے اس بات سے خوفزدہ ہو کر کہ یہودیوں کی تعداد بہت بڑھتی جا رہی ہے نئے پیدا ہونے والے لڑکوں کو قتل کرنے کا فیصلہ کیا۔
نہیں، میرے بچہ کو نہیں۔ تم ایسا نہیں کر سکتے۔
فرعون جو کہ مصر کا حاکم تھا اُس نے اسرائیل کے بیٹوں کو سخت مزدوری کرنے کے لئے مجبور کیا۔
300 سال تک غلام رہنے کی وجہ سے بنی اسرائیل اُن وعدوں کو بھول چکے تھے جو خدا نے اُنکے آباؤ اجداد سے کئے تھے۔
اُٹھو، تم اسرائیلی کتے!
رحم کرو۔ میں مزید سخت کام نہیں کر سکتا۔
خدا نے ابرہام کو بتایا تھا کہ اُسکے لوگ غیر ملک میں غلام رہیں گے۔ لیکن 400 سال کے بعد وہ اُس قوم کی عدالت کر کے اپنے لوگوں کو وعدہ کی ہوئی سرزمین میں واپس لائے گا۔
پیدائش 46:5-7 ؛ خروج 1:1-12,22


تقریباً 1525 قبل از مسیح۔
لیکن امی جان جب سپاہی اور پڑوسی پوچھیں گے کہ ہمارا بچہ کہاں ہے تو میں کیا جواب دوں گی؟
تم اُنہیں سچ بتا دینا کہ سپاہیوں سے بچانے کے لئے اُسکی اپنی ماں نے اُسے دریا میں ڈال دیا تھا۔
ماں، کیا آپ کو یقین ہے کہ اس میں پانی داخل نہیں ہوگا؟
نہیں اس پر رال لگا دی گئی ہے۔ یہ تیرتا رہے گا۔
خدا اس کی حفاظت کرے گا۔ تم اُسکے قریب ہی رہنا اور اُسکا دھیان رکھنا۔
کیا میں پھر کبھی اپنے چھوٹے بھائی سے مل سکوں گی؟
فرعون کی بیٹی دریا پر نہانے کے لئے آئی۔
سنو! اُس ٹوکری سے رونے کی آواز آ رہی ہے۔
ضرور یہ کوئی اسرائیلی بچہ ہوگا۔
یقیناً اُسے بھوک لگی ہوئی ہے۔
اگر کوئی مجھے اس کی دیکھ بھال کے لئے مل جائے تو میں اسے اپنا سکتی ہوں۔
وہاں اسرائیلی بچوں میں سے ایک ہے، ہوسکتا ہے وہ کسی کو جانتی ہو جو اسکی دیکھ بھال کر سکے۔
خروج 2:3-9


میں ایک اسرائیلی عورت کو جانتی ہوں جسکے بچہ کو دریا میں ڈال دیا گیا تھا۔ وہ اس بچہ کو دودھ پلاسکتی ہے۔
لہذا مریم، جو کہ موسیٰ کی بہن تھی اپنی ماں کو فرعون کی بیٹی کے پاس لائی۔
میں نے سُنا ہے تم نے اپنا بچہ کھودیا ہے۔ مجھے بہت افسوس ہے۔ مجھے یہ بچہ دریا سے ملا ہے۔ میں تمہیں اسکی دیکھ بھال کرنے کے لئے اجُرت دوں گی۔
جب یہ دودھ پینا چھوڑ دے گا میں اِسے محل میں لے جاؤنگی۔ یہ مصر کا فرعون بنے گا اِسکا نام موسیٰ ہوگا۔
جوں جوں موسیٰ بڑا ہوتا گیا اُسکی ماں اُسکو اپنے باپ دادا کے سچے خدا کے بارے میں تعلیم دیتی رہی۔
موسیٰ کی پرورش کرنے کے لئے آپکا شکریہ۔ یہ بڑا صحت مند دکھتا ہے۔ یہ بڑا ہو کر امیر اور طاقتور بنے گا۔
خدا کا اس چھوٹے لڑکے کے لئے خاص مقصد ہے۔
فرعون کی بیٹی کا لے پالک بیٹا ہونے کی وجہ سے موسیٰ مصر میں ایک بڑے شخص کی طرح پلا بڑھا۔



موسیٰ کا مقدر عظیم ہونا تھا لیکن وہ کبھی بھی اپنے ورثہ کو نہ بھولا تھا۔
موسیٰ میں تمہیں بتا رہا ہوں، ہمارے باپ ابرہام، اضحاق، یعقوب کے خدا نے ابرہام کو بتایا تھا کہ اُسکی نسل کئی گنا بڑھ جائے گی اور وہ اِس ملک میں اجنبی ہوں گے، جو اُن کی نہیں ہے۔ ہم ٹھیک وہاں پر ہیں۔
اُس نے ابرہام کو یہ بھی بتایا کہ تم چار سو سال تک اس اجنبی سرزمین میں تکلیف اُٹھاؤ گے۔
وہ اُس برائی کی وجہ سے جو وہ ہمارے ساتھ کریں گے اُنہیں سزا دے گا اور ہم بہت زیادہ مال و دولت کے ساتھ اُس سرزمین میں واپس جائیں گے جو خدا نے ہمارے باپ دادا کو دی ہے۔
فرعون کبھی اپنے غلاموں کو جانے کی اجازت نہیں دے گا اور یقیناً اُنہیں دولت لے جانے نہ دے گا۔
بنی اسرائیل نے اپنے آقاؤں کے ہاتھ سے بہت دُکھ اُٹھایا۔ اُنہیں گڑھوں میں کام کرتے ہوئے اینٹیں بنانی پڑتیں۔ موسیٰ اُنکی تکلیف کو برداشت نہ کرسکتا تھا لہٰذا اُس نے اُنکے لئے کچھ کرنے کا فیصلہ کیا۔
جاؤ اس سے پہلے کہ وہ تمہیں جان سے مار ڈالے۔ اُٹھو
گندے سوّر، اُٹھو
ابیر، اُٹھو



ایک دِن موسیٰ نے دیکھا کہ ایک مصری اُسکے لوگوں میں سے ایک کو بے دردی سے پیٹ رہا تھا۔
آزادی کا وقت آ گیا ہے۔ یہ سب ختم ہونا چاہیے۔
مار پیٹ!
بس!
موسیٰ نے مصری کو مار ڈالا اور لاش کو دفن کر دیا۔ لیکن کسی نے اُس کو دیکھ لیا اور فرعون کو جا کر اطلاع کی۔
رُکو، تمہیں ضرور اِس قتل کا مقدمہ بُھگتنا ہو گا۔
یہ موسیٰ ہے۔
میں نے کیا کِیا ہے۔
تقریباً 1491 قبل از مسیح
موسیٰ نے مصر کو چھوڑا اور بیابان کو بھاگ گیا۔
وہ اکیلا تھا۔ خاندان اور دوستوں کے بغیر۔
اُس نے اپنی قوم کے لوگوں کو آزادی نہ دلائی۔ یہاں تک کہ وہ خود کو بھی آزاد نہ کروا سکا۔




خروج 2:11-15



موسیٰ بہت دن تک چلتا رہا۔ جب وہ مزید آگے نہ بڑھ سکا تو وہ چرواہوں کے ڈیرہ پر آیا۔
دیکھو! ایک آدمی۔
وہ ایک مصری ہے۔
وہ تقریباً مردہ دکھائی دیتا ہے۔ پانی لاؤ۔
موسیٰ نے مدیانیوں کے درمیان ایک نئی زندگی پائی۔
اُس نے بیابان کے طریقے سیکھے، شادی کی اور چرواہا بن گیا۔
چالیس سال گزر گئے اور مصر محض ایک یاداشت بن گیا۔
موسیٰ نے اپنے لوگوں کو پھر کبھی نہ دیکھنے کی اُمید چھوڑ دی تھی۔
یہ واقعی عجیب ہے۔ اس جھاڑی میں آگ کیسے لگی اور یہ جلتی کیوں نہیں؟ یہ صرف جلتی اور جلتی جاتی ہے۔
موسیٰ اپنے جوتے اُتارو۔ تم پاک مقام پر کھڑے ہو۔ میں ابرہام، اضحاق اور یعقوب کا خدا ہوں۔
میں نے مصر میں اپنے لوگوں کی تکلیف دیکھ لی ہے۔ اور اُن کی دُعائیں سُن لی ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ انہیں ظُلم وستم سے نجات دلائی جائے۔ اور اُن کو اُس ملک میں واپس بھیجا جائے جس کا میں نے اُن کے باپ دادا سے وعدہ کیا تھا۔
میں تمہیں فرعون کے پاس بھیجوں گا۔ اور تم میرے لوگوں کو اُن کی غُلامی سے نکالو گے۔ تم اُس سے کہو گے کہ میرے لوگوں کو جانے دو اور وہ انکار کر دے گا۔ تب میں اپنی طاقت مِصر کو دِکھاؤں گا۔ اُس کے بعد وہ اُنہیں جانے دے گا۔




خروج 4:1-4,12-16


تم مصر واپس جا رہے ہو لیکن اُن سب لوگوں کا کیا ہوگا جو تمہیں جان سے مارنے کے درپے ہیں۔
چالیس سال ہو چکے ہیں۔ میرے ماضی کے بارے میں جاننے والے سب مر چکے ہیں۔ کوئی مجھے نہیں پہچان پائے گا۔
اور راستہ میں منزل پر خُداوند اُسے مِلا اور چاہا کہ اُسے مار ڈالے۔
لیکن صفورہ نے یہ دیکھا اور ایک چقماق پتھر لے کر اپنے بیٹے کی چمڑی کاٹ ڈالی اور اُسے موسیٰ کے پاؤں پر پھینک دیا۔
بے شک تم میرے لئے خونی دُولہا ہو۔
صفورہ اپنے شوہر کی جان کو لاحق خطرہ سمجھ گئی تھی کیونکہ اُس نے ختنہ کرنے کے عہد پر عمل نہ کیا تھا۔
موسیٰ کی زندگی کا خطرہ میں ہونا اِس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ خُدا اُس نشان کے لئے جو اُس نے اپنے لوگوں کو دیا کس قدر سنجیدہ تھا۔
موسیٰ اُس دور میں پیدا ہوا تھا جب فرعون نے بڑے پیمانے پر نر بچوں کو قتل کروا دیا تھا۔ اُس کی ماں نے اُسے چُھپا لیا تھا۔ اور خُدا کے الٰہی انتظام کے تحت فرعون کی بیٹی نے موسیٰ کو ڈھونڈ لیا۔ اور اُس نے بطور مصری پرورش پائی۔
اسرائیل کے سب بزرگو قریب آؤ۔
موسیٰ آپ کو وہ نشان دکھائے گا جس سے وہ فرعون کو قائل کرے گا کہ وہ ہمیں جانے دے۔
وہ کون ہیں؟
یہ ہارون لاوی ہے۔
دوسرا ہماری طرح دِکھتا ہے، لیکن وہ کوئی غلام نہیں ہے۔



خروج 4:24-31


ابرہام کے خدا نے میرے ساتھ جلتی ہوئی جھاڑی میں سے بات کی۔ اور مجھے بھیجا کہ تمہیں ہمارے باپ دادا کی سرزمین پر واپس لے جاؤں۔ یہ ایک نشان ہے۔
ہائے! اُس کی لاٹھی سانپ میں تبدیل ہوگئی ہے۔
ڈرومت۔ خاطر جمع رکھو۔
خدا نے ایک نجات دہندہ بھیجا ہے۔
ہاں، وہ فرعون کو دکھائے گا۔
کہ یہ ایک معجزہ ہے!
اب ہم فرعون کے پاس جاتے ہیں!
ابرہام کا خدا!


یہ بالکُل ویسا ہی ہے جیسا چالیس سال پہلے تھا جب میں یہاں سے گیا تھا۔ یاد رکھو صرف وہی کہنا جو میں نے تمہیں بتایا تھا۔
اسرائیل کے خدا نے موسیٰ سے بات کی ہے۔ خدا کہتا ہے کہ تم لوگوں کو عبادت کے لئے اور قربانی کرنے کے لئے بیابان میں تین دن کا سفر کرنے دو۔
اسرائیل کا خدا؟ کون ہے یہ خداء جسکی میں فرمانبرداری کروں! یہ احمقانہ بات ہے۔ میں اپنے غلاموں کو بیابان میں تین دن کی منزل پر نہیں جانے دونگا۔
تم صرف میرے لوگوں کو اُکسا رہے ہو جس کی وجہ سے وہ کام کرنا چھوڑ دیں اور اب وہ ایک ایسے خدا کی پوجا کے لئے تین دن کا سفر کرنا چاہتے ہیں جس کا مجھے علم بھی نہیں ہے۔ میں اس پر غور کرُوں گا اور اُن کی مُشقت میں مزید اضافہ کر دُوں گا۔
اب سے اُنہیں اینٹیں بنانے کے لئے خُود بھوسا تلاش کرنا ہوگا۔



خروج 5:1-7


تم ہم سے ایسا سلوک کیوں کر رہے ہو؟
کوئی ہمارے پاس اینٹیں بنانے کے لئے بھوسا نہیں لاتا۔
تم کاہل ہو۔ اِس لئے تم مجھ سے بار بار کہتے ہو کہ تمہیں جانے دوُں اور تم خدا کے لئے قُربانی کرو۔
واپس کام پر جاؤ۔ تمہیں بھُوسا نہیں دیا جائے گا۔ لیکن تمہیں اب بھی اتنی ہی اینٹیں بنانی ہونگی۔
تم نے ہمارے کام کا بوجھ دُوگنا کرنا چاہا؟ یہ کس طرح کی نجات ہے اور تمہیں کیا لگتا ہے کہ خدا نے تمہیں بھیجا ہے؟
خداوند، چونکہ میں تیرے نام سے کلام کرنے آیا ہوں، معاملات مزید خراب ہو چکے ہیں۔ تو نے مجھے یہاں کیوں بھیجا؟
میں تمہارے باپ کا خدا ہوں۔ میں نے اپنے لوگوں کی تکلیف دیکھی ہے اور اُن کا کراہنا سُن لیا ہے۔
ابرہام سے میرا وعدہ پورا کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ جو اِن لوگوں کو کنعان کی سرزمین تک پہنچانے کا تھا۔ موسیٰ تم اِن لوگوں کی راہنمائی کرو گے۔
لیکن میں ٹھیک طرح سے بات نہیں کرسکتا۔ فرعون میری بات نہیں سُنے گا۔
ہارون بات کرے گا۔ تم میری بات سنو گے اور اُسے بتاؤ گے کہ کیا کہنا ہے۔ پہلے تو فرعون تمہاری بات نہیں سُنے گا۔ لیکن میں اُسے بڑے بڑے نشان دکھاؤں گا جب تک کہ مصر کے باشندوں کو معلوم نہ ہو جائے کہ میں واحد سچا خُدا ہوں۔

خروج 8:6-10:5


تم دوبارہ یہاں کیا کر رہے ہو؟
خداوند فرماتا ہے ”میرے لوگوں کو جانے دو“
یہ ایک نشان ہے جسکا خدا نے ذکر کیا ہے۔
کیا۔ایک سانپ۔
ہا۔ہا۔ہا یہ بس ایک جادوئی چال ہے۔ہمارے جادوگروں کو بلاؤ۔



خروج 7:8-10


فرعون نے اپنے دانشمندوں اور جادوگروں کو طلب
کیا اور جادوگروں نے بھی اپنے خفیہ فن سے ایسا ہی کیا۔
ہمارے سانپوں کا خدا، نیسرت، تمہیں مزید اینٹیں بنانے کے لئے کہتا ہے۔ ہا۔ ہا۔ ہا!
دیکھو! اِس کا سانپ ہم سے لڑ رہا ہے!
اُس کا سانپ ہمارے سانپ کو کھا رہا ہے!
اُس نے ہمارے سانپ کو مکمل طور پر نگل لیا ہے!
خالق خُدا فرماتا ہے، ’’میرے لوگوں کو جانے دو۔‘‘

خروج 7:11-13


خدا ایک بار پھر موسیٰ سے مِلا اور اُس کو بتایا کہ اُسے کیا کرنا ہے۔ اُسکے اپنے لوگوں نے اُسکا انکار کیا۔ کیونکہ فرعون نے اُن کی غلامی کو کٹھن بنا دیا تھا۔ لیکن موسیٰ اگرچہ اس بات کو سمجھ نہ رہا تھا تو بھی اُس نے خُدا پر بھروسہ رکھا اور اُسکی فرمانبرداری کی۔
یہواہ کہتا ہے ''کیونکہ تم نے میرے لوگوں کو جانے سے روکا، اور تم جانو گے کہ میں سچا خدا ہوں، مصر کا سارا پانی خون ہو جائے گا۔''
جاؤ میرے جادوگروں کو لاؤ۔ نیل کا خدا اِس کو روکے گا۔
خدا نے کہا کہ اگرچہ فرعون خدا کی طرف سے بڑے بڑے نشان دیکھے گا تو بھی اُسکا دِل سخت رہے گا۔


دریا خون میں بدل گیا، مچھلیاں مر گئیں اور دریا سے بدبو آنے لگی۔
لیکن یہاں تک کہ اِس عظیم معجزہ سے جو خدا کے ہاتھ سے ہوا، فرعون کو یقین نہ آیا۔








خروج 6:8,25-21:7


میرا گھر مینڈکوں سے بھرا ہوا ہے۔
تمام مصر مینڈکوں سے بھرا ہوا ہے۔ خُدا ناراض ہیں۔
ہمارے مذہبی راہنُما کہاں ہیں؟ کیا وہ کچھ نہیں کر سکتے ہیں؟
اُف!
وہ مزید مینڈک کیوں بنا رہے ہیں کیا موسیٰ نے ہمیں کافی نہیں دے دیے۔
دیکھو فرعون کے جادوگر بھی مینڈک بنا سکتے ہیں۔
تم نے کیوں اُن کے کہنے پر اُنہیں بیابان میں جانے نہیں دیا؟ ہم اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتے۔
موسیٰ کو بلاؤ اُس سے کہو کہ میں بات کرنا چاہتا ہوں۔
جی آقا، جیسا آپ چاہتے ہیں۔
اپنے خدا سے کہو کہ مینڈکوں کو ختم کرے۔ اگر وہ ایسا کرے گا، تو میں تمہارے لوگوں کو جانے دوں گا تاکہ وہ قربانی کر سکیں۔
تم ایک وقت بتاؤ کہ کب یہ مینڈک مرجائیں۔ تم جو کہو گے ویسا ہی ہوگا۔
کل صبح تک۔
جیسا تم نے کہا ویسا ہی ہوگا تاکہ سب لوگ جانیں کہ یہوواہ خدا جیسا کوئی خدا نہیں ہے۔



خروج 8:7-10


جب فرعون نے دیکھا کہ مینڈک اپنے مقررہ وقت پر مرگئے ہیں۔ تو اُس نے اپنے دِل کو سخت کرلیا اور اسرائیلیوں کو جانے کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔
آپ کیوں یہ سوچتے ہیں کہ خدا نے ایسا کیا ہے؟ ہوسکتا ہے کہ یہ ایک قُدرتی عمل ہو۔
یہ کس قسم کا خدا ہے جس نے ہماری زمین کو مینڈکوں سے بھر دیا ہے؟
لیکن موسیٰ کو اِس بات کا کیسے علم تھا کہ یہ واقع ہونے کو ہے جسکی اُس نے پیشن گوئی کی تھی؟ اور پھر یہ کہ وہ کس طرح اُس خاص وقت کو جانتا تھا جب یہ سب مرجائیں گے؟
اُف، منہ بند کرو اور مٹی کھودو ورنہ ہم کبھی بھی کام کو ختم نہیں کر پائیں گے۔
اور خدا نے موسیٰ سے کہا، ہارون سے کہہ کہ وہ اپنا ہاتھ بڑھائے اور زمین کی گرد کو مارے تا کہ وہ تمام ملک مصر میں جوئیں بن جائے۔
اور مصر کی تمام گرد جوؤں میں تبدیل ہوگئی۔
آئی!
یاہ!
اس سے تمہارا کیا مطلب ہے کہ تم جوئیں نہیں بنا سکتے؟ لوگ یہ سمجھیں گے کہ اُنکا خدا ہمارے خدا سے زیادہ طاقتور ہے۔ تم صرف جادوگری کر سکتے ہو۔
عالیجاہ، یقیناً یہ خدا کا کام ہے۔ ان دونوں نے جو کام کیا ہے وہ کوئی شخص نہیں کرسکتا۔ ہم بے بس ہیں۔
موسیٰ کو پیغام بھیجو۔ اُس سے کہو کہ اگر اُسکا خدا ان جوؤں کو ختم کردے گا تو میں اُنکو جانے دوں گا تا کہ وہ اپنے خدا کی عبادت کر سکیں۔
خروج 8:13-19



جب فرعون نے پھر سے اپنے دل کو سخت کرلیا تو خدا موسیٰ سے مخاطب ہوا۔
خدا نے کہا، میں مصر پر مچھروں کے غول بھیجوں گا۔ مگر اس بار مصریوں اور اسرائیلیوں میں فرق رکھوں گا۔
میرے لوگوں کے گرد کوئی مچھر نہ ہونگے۔ اس سے لوگ جانیں گے کہ دُنیا میں میں ہی خدا ہوں؟
جوئیں ختم ہو چکی ہیں، لیکن میں غلاموں کو جانے نہیں دونگا۔
ابا جان، ہمارے مذہبی راہنما اس شخص کو کیوں نہیں روک سکتے؟ اُنکی طاقت کہاں ہے؟
مجھے مذہب کے بارے میں کچھ علم نہیں ہے۔ میں صرف اپنے کاروبار پر دھیان دیتا ہوں۔
یہ بالکل ویسا ہی ہے جیسا موسیٰ نے کہا تھا، اسرائیلیوں کے بیچ میں کوئی مچھر نہیں ہیں!
جاؤ موسیٰ کو تلاش کرو۔
جاؤ اور جا کر اپنے خدا کے حضور قربانی چڑھاؤ مگر ملک مصر سے باہر مت جانا۔
ہمیں تین دن کی مسافت کی دُوری پر جانا ہوگا۔
میں نے کہا تم جا سکتے ہو لیکن بہت دور نہیں۔ اب اپنے خدا سے کہو کہ وہ ان مچھروں کو ختم کرے۔
فرعون نے دوبارہ اپنے دِل کو سخت کرلیا اور لوگوں کو جانے نہ دیا۔
خروج 32-20:8


خدا دوبارہ موسیٰ سے مخاطب ہوا۔
فرعون کے پاس جاؤ اور اُس سے کہو، میرے لوگوں کو جانے دو تا کہ وہ میری عبادت کر سکیں۔
اگر تم اُنہیں بھیجنے سے انکار کرو گے اور روکے رکھو گے تو میں تمہارے کھیتوں میں مویشیوں پر خطرناک وبا بھیجوں گا۔
لیکن خدا اسرائیل کے چوپائیوں کو مِصریوں کے چوپائیوں سے جدا کرے گا۔
مگر فرعون نے دوبارہ اپنے دِل کو سخت کر لیا۔


یہ کیا ہو رہا ہے؟ کل تو ہمارے مویشی ٹھیک ٹھاک تھے؟
اس میں ضرور اُس فسادی موسیٰ کا ظالم ہاتھ ہوگا۔
میں فرعون کے دربار میں اُسکی وجہ سے عجیب چیزوں کا واقع ہونا سنتا ہوں۔


اس عدالت اور آفات کے دوران موسیٰ دُعا کرتا رہا
اور خدا کو جو بنی اسرائیل کا خدا تھا دیکھتا رہا۔
ہمارے سب مویشی مرگئے ہیں اور تمہارے تندرُست ہیں۔
یہ ہمارے آباؤ اجداد کا خدا ہے جو ہمیں تمہاری ظالم غلامی سے آزاد کروانے کے لئے آیا ہے۔
ہمارے کاہن ہمارے دیوتاؤں کے حضور قربانیاں چڑھا رہے ہیں۔ ہمارے مقدس بیل کو غصہ آئے گا اور اِسکو ختم کر ڈالے گا۔
فرعون سے کہو کہ بہت دیر ہو چکی ہے۔ ہمارے تمام مقدس بیل مر چکے ہیں۔ جب لوگ یہ جانیں گے کہ اُنکے دیوتا اسرائیل کے تصوراتی خدا سے اپنے آپ کو نہ بچا سکے تو وہ ناراض ہونگے۔
مصریوں کے دیوتا کہاں ہیں؟ کیا اُن میں کوئی طاقت نہیں ہے؟
مگر فرعون نے اپنے دِل کی سختی کو قائم رکھا۔



خروج 9:1-7


موسیٰ اور اُسکے تصوراتی خدانے لوگوں کو دھوکہ دیا ہے۔
ہم زمین پر سب سے زیادہ طاقتور قوم ہیں۔
اور میں خدا ہوں- زمین پر سب سے طاقتور حکمران!
ہم ان چند مویشیوں کے نقصان کو برداشت کرلیں گے۔ مویشی نئے بچوں کو پیدا کریں گے۔


یہوواہ-تُو آسمان پر بڑے تخت پر بیٹھ کر پوری دنیا پر حکومت کرتا ہے۔
پورے مصر کو یہ دکھانا جاری رکھ کہ تو قادرِ مطلق ہے اور ہر ایک شخص کو بالآخر تیری مرضی اور تیرے عظیم نام کو تسلیم کرنا ہوگا۔
تجھے اپنی مرضی کو پورا کرنے کے لئے اور کیا کچھ کرنا ہوگا؟
اپنی مُٹھی میں بھٹی کی راکھ لو۔۔۔۔



خروج 9:7-8


۔۔۔اور اسے فرعون کی موجودگی میں ہوا میں اُڑانا۔
اور وہ سارے مُلک مصر میں باریک گرد ہو کر مصر کے آدمیوں اور جانوروں کے جسم پر پھوڑے اور پھپھوے بن جائے گی۔


یہ تکلیف نا قابل برداشت ہے! اسرائیلیوں کے خُدا پر لعنت!
فرعون ہوش میں آؤ اور اِن لعنتی لوگوں کو اپنی زمین سے نکال دو۔
فرعون کے جادوگر پھوڑں کی وجہ سے اُس کے اور مصر کے لوگوں کے سامنے کھڑے نہ رہ سکے۔
میں فرعون کے سامنے کھڑا نہیں ہو سکتا اپنے جادو کے کرتب کرنے کے لئے۔ میں اِن پھوڑوں کی وجہ سے کھڑا تک نہیں ہو پا رہا!
فرعون ہمیں اِن تکلیف دہ پھوڑوں کے ساتھ اپنے حضور آنے کی اجازت نہیں دے گا۔
لیکن اب بھی۔۔۔ اپنے لوگوں کی شدید تکلیف کے باوجود فرعون کا دل نہ بدلا۔


پھر خداوند نے موسیٰ سے کہا کہ صبح
سویرے اُٹھ کر فرعون کے آگے جا کھڑا
ہو اور اُسے کہہ کہ خداوند اسرائیلیوں
کا خُدا یوں فرماتا ہے کہ۔۔۔



خُدا نے پھر کہا ہے کہ میرے لوگوں کو جانے دو۔
کیونکہ اب کی بار میں اپنی سب بلائیں نازل کروں گا تا کہ تُو جان لے کہ تمام دنیا میں میری مانند کوئی نہیں ہے۔
دیکھ میں کل اسی وقت ایسے بڑے بڑے اَولے برساؤں گا جو مصر میں جب سے اُس کی بنیاد ڈالی گئی آج تک نہیں پڑے۔
اپنے چوپایوں کو اور جو کچھ تیرا مال کھیتوں میں ہے اُس کو اندر کر لے۔۔۔
کیونکہ جتنے آدمی اور جانور گھر میں نہیں پہنچائے جائیں گے اُن پر اولے پڑیں گے اور وہ ہلاک ہو جائیں گے۔
تم بیوقوفو۔ کیا تم اِس پاگل نبی کی بات پر یقین کرنے لگے ہو؟
وہ مصری جو خداوند کے کلام سے ڈرتے تھے وہ اپنے نوکروں اور چوپایوں کو گھر بھگا لے گئے۔


وہ مصری جنہوں نے خُدا کا حکم نہ مانا اُنہوں نے انسانی
جان اور مویشیوں دونوں کا نقصان اُٹھایا۔
کاش میرے آقا موسیٰ کے
وسیلہ خُدا کے کلام پر عمل کرتے۔



اب بہت ہو چکا! ہم برباد ہو گئے!!
اے طاقتور سیت، ابتری اور طوفان کے دیوتا ہم درخواست کرتے ہیں کہ خوفناک طوفانوں کو روکو!
یقیناً تم موسیٰ کے نادیدنی خُدا سے زیادہ بڑے ہو۔
اسرائیلی راہنما موسیٰ نے درست کہا تھا، گھر کے اندر ہم محفوظ رہے۔
ہم موسیٰ کی پیروی کریں گے۔
ابا جی میں خوف زدہ ہوں۔ آگ اور برف ہم پر بھی گر جائیں گے؟
سیت ہمارے طوفانوں کا خُدا، اسرائیلی خُدا کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔
یہ بہت خوفناک ہے۔



اِس بار میں نے گُناہ کیا۔
خُداوند صادق ہے اور میں اور میری قوم ہم دونوں بدکار ہیں۔
خداوند سے شفاعت کرو کیونکہ یہ زور کا گرجنا اور اولوں کا برسنا بہت ہو چکا۔
تمہیں اب مزید رُکنا نہیں پڑے گا۔
میں دُعا کے لئے اپنے ہاتھ اُٹھاؤں گا۔۔۔لیکن میں جانتا ہوں کہ تم اور تمہارے نوکر اب بھی خداوند سے نہیں ڈرو گے۔
موسیٰ کی بات سچ ثابت ہوئی، جب فرعون نے دیکھا کہ اولے موقوف ہو گئے۔ اُس کا دل سخت ہو گیا اور اُس نے بنی اسرائیل کو اپنے خُدا کی عبادت کرنے کے لئے جانے نہ دیا۔
اور خُدا نے پھر موسیٰ کو فرعون کے پاس بھیجا۔
اُس نے کہا کہ خداوند اسرائیلیوں کا خُدا یوں فرماتا ہے کہ تو کب تک میرے سامنے نیچا بننے سے انکار کرے گا؟
اگر تو میرے لوگوں کو جانے نہ دے گا۔ میں ٹڈیاں لے آؤں گا۔ اور وہ زمین کی سطح کو ایسا ڈھانک لیں گی کہ کوئی زمین کو دیکھ بھی نہ سکے گا۔
اور تمہارا جو کچھ بچ گیا ہے اُسے چٹ کر جائیں گی۔
یہ شخص کب تک ہمارے لئے پھندا بنا رہے گا؟
اِن لوگوں کو جانے دو۔
کیا فرعون کو اب تک خبر نہیں کہ مصر برباد ہو گیا؟


پس موسیٰ نے مُلک مصر پر اپنی لاٹھی بڑھائی اور خُداوند نے سارا دن اور ساری رات پُروا آندھی چلائی۔
اور ٹڈیاں سارے مُلک مصر پر چھا گئیں اور وہیں مصر کی حدود میں بسیرا کیا اور اُن کا دل ایسا بھاری تھا کہ نہ تو اُن سے پہلے ایسی ٹڈیاں کبھی آئیں نہ اُن کے بعد پھر آئیں گی۔۔۔
اُنہوں نے پورے مصر کی ایک ایک سبزی اور درختوں کے میووں کو چٹ کر لیا۔
اور شہروں میں کوئی ہریالی باقی نہ رہی۔



خروج 10:13-15


فرعون موسیٰ کی کیوں نہیں سُن رہا تھا؟
موسیٰ کے خُدا نے پھر موسیٰ کی پیشن گوئی کے مطابق کیا۔
موسیٰ نے جس جس بات کی پیشن گوئی کی وہ سچ ثابت ہوئی۔
ہم برباد ہو رہے ہیں۔
اوسیرس، آج کے دن اپنی قدرت دکھا۔
گیب، سبزہ کے خُدا کیا تو نہیں دیکھ رہا کہ اسرائیلیوں کے خُدا نے ہماری فصلوں کے ساتھ کیا کیا ہے۔
دوبارہ فرعون نے موسیٰ کو بلایا اور اُس سے لوگوں کو لے جانے کا وعدہ کیا، لیکن جب خُدا نے ٹڈیوں کی آفت موقوف کر دی تو فرعون نے پھر اپنا دل سخت کر لیا اور اپنے غلاموں کو بھیجنے سے انکار کر دیا۔

خروج 10:14-20


پھر خُدا نے تین دن تک پورے مصر میں گہری تاریکی بھیجی۔ یہ تاریکی بادلوں بھری رات سے زیادہ تاریک تھی۔ لیکن اسرائیلیوں کے گھر میں بالکل کوئی تاریکی نہ تھی۔
میں تمہیں اِس سے پہلے بھی ہلاک کرسکتا تھا لیکن اس سے ثابت ہو جاتا کہ ہمارے خُدا تمہارے خُدا سے زیادہ طاقتور نہیں ہیں۔
میری نظروں سے دور ہو جاؤ۔ پھر میرا مُنہ دیکھنے کو مت آنا کیونکہ جس دن تو نے میرا مُنہ دیکھا تُو مارا جائے گا۔
جیسا تم نے کہا۔ ہم ایک دوسرے سے دوبارہ نہیں ملیں گے۔
خروج 10:21-29


اور خداوند نے کہا کہ میں ایک آخری آفت لاؤں گا۔ اور اِس کے بعد فرعون تم کو یہاں سے جانے دے گا۔ آج رات، آدھی رات کو ہلاک کرنے والا پورے مصر سے گزرے گا۔ ہر خاندان کا پہلوٹھا نر بچہ مرجائے گا۔ خُدا آج رات گناہ کی سزا دے گا۔
اسرائیلیوں کی ساری جماعت اپنے خاندان کے مطابق گھر پیچھے ایک برہ لے۔
اور تھوڑا سا خون لے کر جن گھروں میں وہ اُسے کھائیں اُن کے دروازوں کے دونوں بازوؤں اور اوپر کی چوکھٹ پر لگا دیں۔
اب اپنے مصری آقاؤں کے پاس جاؤ اور اُن سے سونا، جواہرات اور چاندی مانگ لو۔ خُدا نے اُن کے دلوں کو تیار کیا ہے۔ وہ آزادی سے اور کثرت سے دیں گے۔
اپنا سامان باندھ لو اور کل صبح جانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ تم کبھی یہاں دوبارہ واپس نہیں آؤ گے۔
ماما، ڈیڈی ہمارے دروازے پر خون کیوں لگا رہے ہیں؟
خُدا نے کہا، جب میں تمہارے دروازوں پر خون دیکھوں گا تو میں جان جاؤں گا کہ تم مجھ پر ایمان رکھتے ہو اور میں گھر کے اندر موجود کسی کو نہ ماروں گا۔

"THE BIBLE EXPLAINED
IN EVERY LANGUAGE."





**SUPERBIBLE.TV**